# کووڈ19-ماسک کا استعمال: ماسک اور ریسپریٹرز کی اقسام

OURDOU / URDU

جدول میں مختلف قسم کے ماسک اور ریسپریٹرز کا موازنہ کیا گیا ہے۔ یہ فیصلہ کرنے میں مدد کے لیے کہ کون سا ماسک یا ریسپریٹرمنتخب کرنا ہے، اس سے رجوع کریں کہ ۔ کچھ مصنوعات تلاش کرنا یا خریدنا دوسروں کے مقابلے میں آسان ہوتا ہے اور قیمتیں مختلف ہو سکتی ہیں۔

غیر طبی ماسکس، طبی ماسکس اور ریسپریٹرز سبھی کچھ کمیونٹی میں استعمال کیے جا سکتے ہیں۔

کووڈ19-کے پھیلاؤ کو روکنے میں غیر طبی ماسک کی تاثیر بہت سے عوامل کی بنیاد پر مختلف ہو سکتی ہے۔ یہ مواد، تعمیر، ناپ اور مناسب طریقے سے استعمال کرنے پر منحصر ہے۔ کچھ غیر طبی ماسک کووڈ19- کے پھیلاؤ کو روکنے میں طبی ماسک کی طرح مدد کر سکتے ہیں اگر وہ:

- اچھی طرح سے فٹ ہوں
- ایک سے زیادہ پرتوں پر مشتمل ہوں، بشمول سانس لینے کے قابل مضبوطی سے بنے ہوئے کپڑے (جیسے سوتی) کی کم از کم 2 پرتیں اور
- ایک مؤثر درمیانی فلٹر پرت ہو

عام طور پر، جب کہ غیر طبی ماسک کووڈ19- کے پھیلاؤ کو روکنے میں مدد کر سکتے ہیں، طبی ماسکس اور ریسپریٹرز بہتر تحفظ فراہم کرتے ہیں۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ کس قسم کے ماسک کا انتخاب کرتے ہیں، ، کیونکہ اس کی تاثیر میں ایک اہم عنصر ہے اس کا مناسب ناپ (فٹ)۔

کینیڈا میں غیر طبی ماسک کے لیے فی الحال کوئی معیار نہیں ہے۔ کینیڈا میں فروخت ہونے والے طبی ماسکس اور ریسپریٹرز کو فلٹریشن، سانس لینے کے قابل ہونے اور سیال کی مزاحمت (فلوئڈ ریزیسٹینس) کے لیے قائم کردہ معیارات پر پورا اترنے کی ضرورت ہے۔

آپ کو اور دوسروں کو کووڈ19- کے سامنا سے روکنے میں مدد کے لیے، اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ جو بھی ماسک یا ریسپریٹر منتخب کرتے ہیں وہ درج ذیل کے مطابق ہو:

- اچھی طرح سے تعمیر شدہ ہو
- اچھی طرح سے فٹ کرتا ہو
- مناسب طریقے سے پہنا ہوا ہو

ایسے ماسکس یا ریسپریٹرز استعمال نہ کریں جن میں سانس چھوڑنے والی چھلیاں (والوز) موجود ہوں ۔ وہ متعدی سانس کے ذرات کو فرار ہونے دیتے ہیں۔ وہ کووڈ19- کے پھیلاؤ کو روکنے میں مدد نہیں کرتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیے
ویب سائٹ: Canada.ca/coronavirus

| ماسکس اور ریسپریٹرز کی اقسام | دستیابی | بناوٹ (کنسٹرکشن) | ناپ (فٹ) | انضباطی (ریگولیٹری) سوچ بچار اور معیارات |
|---|---|---|---|---|
| **غیر طبی ماسک**<br><br>**(فلٹر پرت کی ایک مثال کے ساتھ)**<br> | گھرمیں بنی ہوئی یا تجارتی طور پر دستیاب۔<br>بہت سے مختلف ناپوں اور کپڑوں میں دستیاب ہے۔<br>. | مضبوطی سے بنے ہوئے سانس لینے کے قابل تانے بانے، جیسے سوتی کی کم از کم 2 تہوں سے بنی ہونی چاہیے۔ فلٹریشن کو بہتر بنانے کے لیے اس میں فلٹر قسم کے تانے بانے کی ایک تیسری، درمیانی تہہ بھی ہونی چاہیے، جیسے نان وون پولی پروپیلین (non-woven polypropylene) ۔<br>ہٹائے جانے کے قابل فلٹر ڈالنے کے لیے، اس میں ایک جیب (پاکیٹ) موجود ہو سکتا ہے۔<br>شفاف ونڈوز کے ساتھ دستیاب ہو سکتا ہے۔<br>دوبارہ قابل استعمال یا ڈسپوزایبل۔<br>گندے یا نم ہونے پر دھویا جائے تو دوبارہ قابل استعمال۔ . | فٹ ماسک شکل اور انداز کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہے۔<br>مختلف طریقوں کا استعمال کرتے ہوئے فٹ کو بہتر بنایا جا سکتا ہے، جیسے باندھنے کے فیتوں ، بینڈز یا کان کے لوپس اور لچکدار نوز پیس (اگر شامل ہو) کو ایڈجسٹ کرنا ۔ | کینیڈا میں غیر طبی ماسک کے لیے کوئی معیار یا ضابطے موجود نہیں ہیں۔ کچھ بین الاقوامی معیارات دستیاب ہیں (یورپ میں AFNOR، ریاستہائے متحدہ (یو ایس) میں ((ASTM۔<br>طبی آلات کے ضوابط (Medical Devices Regulations) کے تحت غیر طبی ماسک کو طبی آلات (میڈیکل ڈیوائسز) نہیں سمجھا جاتا ہے۔<br>کووڈ19- کے پھیلاؤ کو روکنے میں مدد کے لیے غیر طبی ماسکس کی تاثیر وسیع پیمانے پر مختلف ہوتی ہے، اور مندرجہ ذیل پر منحصر ہے:<br>• استعمال شدہ مواد<br>• بناوٹ<br>• فٹ<br>• مناسب طریقے سے استعمال کرنا |
| **طبی (میڈیکل) ماسک**<br>(طریقہ کار(پروسیجیئر) یا سرجیکل ماسک))<br> | تجارتی طور پر دستیاب ہے۔<br>بالغ اور بچوں کے سائز میں دستیاب ہے۔ . | تعمیراتی مواد مختلف ہو سکتے ہیں لیکن انہیں فلٹریشن کے قائم کردہ معیارات پر پورا اترنا چاہیے۔<br>عام طور پر ایک ہی استعمال اور ڈسپوزایبل ہوتے ہیں، لیکن اس وقت تک دوبارہ استعمال کیے جا سکتے ہیں جب تک کہ ظاہری طور پر گندے، نم یا خراب نہ ہوں۔ چہرے پر اچھی طرح سے فٹ کرنے کے لئے ڈیزائن کیے گئے ہیں۔ | فٹ آپ کے چہرے کے سائز اور خصوصیات کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہے۔<br>مختلف طریقوں کا استعمال کرتے ہوئے فٹ کو بہتر بنایا جا سکتا ہے، جیسے باندھنے کے فیتوں یا ایئر لوپس کو ایڈجسٹ کرنا اور لچکدار نوز پیس کو ایڈجسٹ کرنا۔ | کچھ ڈسپوز ایبل غیر طبی ماسک طبی ماسک کی طرح نظر آتے ہیں لیکن انضباطی (ریگولیٹری) معیارات پر پورا نہیں اترتے۔<br>ایسا طبی ماسک تلاش کریں جس کے باکس کے لیبل پر ASTM F2100 یا<br>EN 14683 لکھا ہو۔<br>اس کا مطلب ہے کہ اس ماسک کا جانچ کیا گیا ہے اور مندرجہ ذیل کے بارے میں بین الاقوامی معیارات پر پورا اترتا ہے:<br>• ذرہ اور بیکٹیریل فلٹریشن<br>• اس کے ذریعے سانس لینے کی صلاحیت<br>• سیال مزاحمت (فلوئڈ ریزیسٹینس)<br>• مواد کی آگ پَکڑنے کی صِفت (فلیمیبلٹی)<br>کینیڈا میں شفاف میڈیکل ماسکس کے لیے کوئی تسلیم شدہ معیارات نہیں ہیں۔ |
| **ریسپریٹرز**<br> | تجارتی طور پر دستیاب ہے۔<br>بچوں کے لیے چھوٹے ناپ کے ماسکس تلاش کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔ | تعمیراتی مواد مختلف ہو سکتے ہیں لیکن ریسپریٹرزکے لیے فلٹریشن کے معیار پر پورا اترنا ضروری ہے۔<br>ڈیزائن طبی ماسک سے بہتر فٹ ہونے کی گنجائش دیتا ہے۔<br>شفاف ونڈوز کے ساتھ دستیاب نہیں ہے۔<br>مثالی طور پر ایک ہی بار استعمال کے قابل اور ڈسپوزایبل ہوتا ہے، لیکن اس وقت تک دوبارہ استعمال کیا جا سکتا ہے جب تک کہ ظاہری طور پر گندا، نم یا خراب نہ ہو۔ | چہرے پر اچھی طرح سے فٹ کرنے کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہے۔<br>کچھ ریسپریٹرز کے باندھنے کے فیتوں (ٹائز)، بینڈز یا کانوں کے لوپس اور نوز پیس کو ایڈجسٹ کرکے فٹ کو بہتر بنایا جا سکتا ہے۔<br>کمیونٹی میں پہنے ہوئے ریسپریٹرز کو فٹ ٹیسٹنگ کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ | یقینی بنائیں کہ آپ کا ریسپریٹرہیلتھ کینیڈا سے منظور شدہ ہے۔<br>NIOSH N95 ریسپریٹرز، جن پر TC-84A-####n کی نمائندگی کے ساتھ۔ آلات پر ایک منظوری نمبر کی مہر لگی ہوئی ہے۔<br>95PFE پروڈکٹس یا CSA سے تصدیق شدہ CA-N95 اور CA-N99 قسم کے ریسپریٹرز جیسے کہ CSA Z94.4.1 معیار کے مطابق نشان زد ہیں۔<br>KN95 ریسپریٹرز جو معیاری GB 2626-2019 پر پورا اترتے ہیں۔<br>KF94 ریسپریٹرز جو معیاری KMOEL-2017-64 پر پورا اترتے ہیں۔<br>FFP2 ریسپریٹرز جو معیاری<br>EN 149-2001 پر پورا اترتے ہیں۔ |

ID 11-32-01 / DATE 2021.11.26